**5/21/2024**

**انڈسٹری نوٹس 24-06#** منسوخ کر دیا
فوری اشاعت

Taxi & Limousine Commission


**David Do**
چیئر/کمشنر
tlccommissioner@tlc.nyc.gov

**Jason Kersten**
TLC کمیونیکیشنز
*press@tlc.nyc.gov*

**33 Beaver Street**
**22nd Floor**
**New York, NY 10004**


## نوٹسMTA :بھیڑبھاڑ کا پرائسنگ ٹول 30 جون، 2024 سے نافذالعمل

سینٹرل بزنس ڈسٹرکٹ ٹولنگ پروگرام، جسے بھیڑبھاڑ کی پرائسنگ بھی کہا جاتا ہے، کے جزو کے طور پر MTA بھیڑبھاڑ کے ریلیف زون میں داخل ہونے والی گاڑیوں کی ٹولنگ شروع کرے گا۔ بھیڑبھاڑ سے ریلیف کا زون مین ہٹن ساؤتھ کا علاقہ ہے اور اس میں 60 ویں اسٹریٹ، FDR ڈرائیو کے علاوہ، ویسٹ سائیڈ ہائی وے/روٹ 9 A اور Hugh L. Carey Tunnel کے ویسٹ اسٹریٹ سے کنکشنز شامل ہیں۔

MTAبورڈ کی جانب سے منظورشدہ ٹول ریٹ شیڈول مطابق ٹیکسیاں اور فار ہائر وہیکلز (FHVs)ہر سفر کے لیے، بھیڑبھاڑ کے ریلیف زون کے اندر اور اس سے گزرتے ہوئے، مسافر کی جانب سے فی سفر چارج کی ادائیگی کے لیے اہل ہیں۔ پلان کے تحت، ہائی والیم فار ہائر سروسز (فی الحال Lyft اور Uber) کی جانب سے ڈسپیچ کردہ سفروں کے لیے چارج 2.50$ فی سفر ہوگا؛ ٹیکسیوں، اسٹریٹ ہیل لیوریز (SHLs) اور دیگر FHV بیسز (بلیک کار، لیوری اور لگژری لیموزین بیسز) کی جانب سے ڈسپیچ کردہ سفروں کے لیے چارج 1.25$ فی سفر ہوگا۔ **ٹیکسیوں اور SHLs کے لیے، فی سفر چارج لازماً میٹر میں شامل کرنا ہوگا۔** اس فی سفر چارج پلان کے تحت، ٹیکسیاں، SHLsاور FHVs سے چارجز نہیں لیے جائیں گے سوائے اس کے کہ گاڑی سفر پر ہو۔

FHVبیسز کو فی سفر چارج وصول اور واپس کرنے کے لیے MTA کے ساتھ لازماً ایک معاہدہ کرنا ہوگا تاکہ اُس بیس کی جانب سے ڈسپیچ کردہ سفروں پر فی سفر چارج لاگو ہو۔ اسی طرح، ٹیکنالوجی سسٹم پرووائیڈرز (TSPs) کو ایسی گاڑیوں میں مکمل کردہ سفروں پر فی سفر چارج لاگو کرنے کے لیے فی سفر چارج کی وصولی اور واپسی کا لازماً معاہدہ کرنا ہوگا جن میں وہ TSP's ٹیکنالوجی سسٹم لگا ہو۔

**معاہدے میں شامل نہ ہونے والی بیس کی جانب سے ڈسپیچ کردہFHVs ، ان کے علاوہTSP سے استفادہ کرنے والی اور معاہدے میں غیر شامل ٹیکسیوں اور SHLs سے بھیڑبھاڑ سے ریلیف زون میں داخلے کے لیے، مسافر کی جانب سے ادا کیے جانے والے فی سفر چارج کے بجائے، دن میں ایک مرتبہ، گاڑی کے مالک کی جانب سے ادا کیا جانے والا 15$ چارج وصول کیا جا سکتا ہے۔**

**ٹولز سے متعلقہ موجودہ TLC قوانین بھیڑبھاڑ کے نئے پرائسنگ ٹولز اور فی سفر چارجز پر لاگو ہوں گے۔**

TLCلائسنس یافتہ کمیوٹر وینیں کمیوٹر بس کے استثنائی پلان کے تحت ٹول سے مستثنیٰ ہونے کی اہل ہیں۔ اس استثنیٰ سے متعلق مزید معلومات، بمعہ درخواست، یہاں دستیاب ہیں۔

بھیڑبھاڑ کی پرائسنگ سے متعلقہ مزید معلومات congestionreliefzone.mta.info پر دستیاب ہیں، اور ٹیکسی اور FHV ٹولنگ پالیسی کے بارے میں مزید معلومات یہاں دیکھی جا سکتی ہیں۔ MTAنے فی سفر چارج کے معاہدے میں شمولیت کے لیے FHV بیسز اور TSPs سے رابطہ شروع کر دیا ہے۔ FHV بیسز یہ فارم استعمال کرتے ہوئے MTA کو اپنی رابطے کی معلومات جمع کروا سکتی ہیں۔ سوالات کے لیے، براہِ کرم crztaxifhv-support@mta.info سے رابطہ کریں۔

منسوخ کر دیا